# استاد: وسیم مدنی — جلالین (سورۃ بقرہ)

## کے مختصر سوالات مع جوابات (جامعہ سال اول)

**س 1):** سورۃ بقرہ مکی ہے یا مدنی نیز اس میں کتنی آیات اور رکوع ہیں؟

**ج:**

سورۃ بقرہ مدنی ہے اس میں 286 یا 287 آیات
اور 40 رکوع ہیں

**س 2):** سورۃ بقرہ کو "بقرہ" کہنے کی وجہ تسمیہ لکھیں۔

**ج:**

سورۃ بقرہ کو بقرۃ اس لیے کہتے ہیں بقرۃ کا معنی
گائے ہے چونکہ اس سورت میں بنی اسرائیل کی
گائے والا واقعہ ہے اسی لئے اس کو سورۃ بقرۃ کہتے ہیں

**س 3):** سورۃ بقرہ کے متعلق کوئی دو احادیث لکھیں؟

**ج:**

1) فرمان آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھروں کو قبرستان
نہ بناؤ کہ جس گھر میں سورۃ بقرۃ پڑھی جائے اس گھر میں
شیطان داخل نہیں ہوتا

2) فرمان آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہر چیز کی ایک بلندی
ہوتی ہے اور قرآن کی بلندی سورۃ بقرہ ہے اس میں ایک آیت
آیت الکرسی تمام آیتوں کی سردار ہے

**س 4):** سورۃ کی پہلی آیت " الم " سے کیا مراد ہے اور یہ کن
حروف میں سے ہے؟

# جامعۃ المدینہ فیضان تنبیط
# بڑیلہ شریف

ج:
اس کی مراد اللہ ہی بہتر جانتا ہے اور یہ حروف
مقطعات میں سے ہے۔

س5: "متقین" کی تفسیر فرمائیں؟
ج:
وہ لوگ جو تقوی کی طرف مائل ہوتے ہیں
اس طرح کہ احکام الہی کو بجا لاتے ہیں تو الہی سے بچتے ہیں
جہنم سے خود کو بچاتے رہتے ہیں۔

س6: سورۃ بقرہ کی آیت نمبر 2 سے 4 تک جو متقی لوگوں کے
خاص ذکر ہوئے وہ سپرد قلم فرمائیں؟
ج: ان 3 آیات میں متقین کے 5 خاص بیان ہوئے
1) وہ غیب کی تصدیق کرتے ہیں 2) نماز قائم کرتے ہیں
3) ہمارے دیے ہوئے رزق میں سے ہماری راہ میں خرچ کرتے ہیں
4) وہ قرآن اور دوسری آسمانی کتابوں پر کی اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں

س7: سورۃ بقرہ کی آیت نمبر 5 میں ان کی فضیلت بتائیں؟
ج: یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں
اور یہی مراد کو پہنچے

س8: ایمان کا لغوی اور شرعی معنی بتائیں؟
ج: ایمان کا لغوی معنی تصدیق قلبی ہے
شرعی معنی اعتقاد قلبی اور اقرار لسانی ہے

س۹: منافق کسے کہتے ہیں؟
ج: منافق اسے کہتے ہیں جو دل میں تو کفر کا اعتقاد رکھے لیکن زبان سے ایمان کا اظہار کرے

س۱۰: منافقین اللہ اور ایمان والوں کو فریب کیوں دینا چاہتے ہیں؟
ج: اپنے باطنی کفر کے خلاف ظاہر کرتے تاکہ وہ اپنے آپ کو دنیاوی احکام سے دور کر سکیں۔

س۱۱: کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو منافقین کا علم تھا؟
ج: جی ہاں کیونکہ اللہ پاک نے دنیا ہی میں اپنے نبی پر ان کی باطنی خباثتوں کو ظاہر فرما دیا۔

س۱۲: منافقین کے دلوں میں کون سی بیماری ہے جو انہیں کمزور کر رہی ہے؟
ج: وہ بیماری شک و نفاق کی ہے۔

س13: جب منافقین سے کہا جائے زمین میں فساد نہ پھیلاؤ کفر کر کے اور ایمان سے روک کر تو یہ کیا جواب دیتے ہیں؟
ج: یہ کہتے ہیں ہم تو سنوارنے والے ہیں ہمارا مقصد فساد نہیں حالانکہ بمطابق فرمان الٰہی یہ لوگ فسادی ہیں مگر انہیں شعور نہیں

س۱۴: منافقین کا قول ہم جاہلوں کی طرح ایمان نہ لائیں گے معاذ اللہ اس قول میں جاہلوں سے کون مراد ہیں؟
ج: معاذ اللہ ان کے اس قول میں جاہلوں سے مراد صحابہ کرام علیہم الرضوان ہیں

س15: منافقین کے فساد سے کیا مراد ہے؟
ج: منافقین کے فساد سے مراد لوگوں کو دینِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے روکنا ہے

س16: منافقین کی نفاق میں مثال کیسی ہے؟ (بمطابق قرآن)
ج: ان کی مثال ایسی ہے جیسے کسی نے اندھیرے میں آگ کو روشن کیا جب اس کا ارد گرد روشن ہو گیا پس وہ دیکھنے لگا اور اپنے آپ کو ڈرانے والی چیزوں سے دور کیا تو اللہ ان کا نور لے گیا اور انہیں اندھیروں میں چھوڑ دیا تو وہ نہیں دیکھتے

س17: صم، بکم، عمی کی تفسیر لکھیں؟
ج: صم سے مراد حق سے بہرے ہیں وہ اسے قبولیت کے کانوں سے نہیں سنتے
بکم سے مراد خیر سے گونگے ہیں وہ اسے نہیں کہتے
عمی سے مراد ہدایت کے راستے سے اندھے ہیں وہ اسے نہیں دیکھتے

س18: رعد کے متعلق اقوال لکھیں؟
ج: ایک قول کے مطابق رعد ایک موکل فرشتہ ہے اور یہ بھی کہا گیا کہ رعد اس فرشتہ کی آواز ہے

س19: برق سے کیا مراد ہے؟
ج: برق سے مراد اس فرشتہ کا چمکدار کوڑا ہے جس کے ذریعے وہ بادلوں کو ہانکتا ہے۔

س20: قرآن میں کفر کے ذکر کو کس سے اور اس کے وعید کو کس سے اور اس کے واضح دلائل کو کس سے مشابہت دی ؟

ج: قرآن میں کفر کے ذکر کو ان عمروں سے، وعید کفر کو دعدے سے اور دلائل واضحہ کو برق کے ساتھ تشبیہ دی۔

س21: "ایھا الناس اعبدو ربکم الذی خلقکم" میں "الناس" سے کیا مراد ہے؟
ج: اس میں "الناس" سے مراد اہل مکہ ہیں۔

س22: لعل کا اصل استعمال بتائیں جبکہ کلام الٰہی میں کس کے لیے آتا ہے؟
ج: لعل اصل میں ترجی کے لیے آتا ہے جبکہ کلام الٰہی میں تحقیق کا فائدہ دیتا ہے۔

س23: فراشا کی تفسیر لکھیں؟
ج: فراشا سے مراد زمین کو تمہارے لیے بطور فرش پھیلایا اس میں انتہا درجے کی نرمی رکھی نہ انتہا درجے کی سختی اگر ایسا ہوتا تو اس پر ٹھہرنا ممکن نہ ہوتا۔

س24: فرمان الٰہی کے مطابق اگر تمہیں قرآن میں شک ہو تو تم اس کی مثل لاؤ اس میں کیا لانا مراد ہے؟
ج: قرآن کی مثل ایک سورت۔

س25: سورت کی تعریف لکھیں؟
ج: سورت اس قطعے کو کہتے ہیں جس کے لیے اول و آخر ہو اور اس میں کم از کم تین آیات ہوں۔

س26: "فاتوا بسورۃ من مثلہ" میں "من مثلہ" سے کیا مراد ہے؟
ج: من بیانیہ کے لیے ہے جو بلاغت میں، حسن نظم میں اور غیب کی خبروں میں اس کی مثل ہو۔

س27: جہنم کس کے لیے تیار کی گئی اور اس کا ایندھن کیا ہیں؟
ج: جہنم کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے اس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں۔

س28: نہر کی تعریف لکھیں؟
ج: نہر اس جگہ کو کہتے ہیں جس میں پانی بہتا ہو اور پانی اس جگہ کو چھوڑ کر گزرتا ہو نہر کی نسبت جاری پانی کی طرف مجازاً ہے

س29: جنتیوں کو جو بیویاں ملیں گئیں وہ کیسی ہوں گئیں اور ان کا کام کیا ہے؟
ج: وہ بیویاں ستھری یعنی حیض اور ہر قسم کی گندگی سے پاک ہیں ان کو حور کہتے ہیں۔

س30: جنتی جنت میں کتنی دیر رہیں گے؟
ج: جنتی نہ مریں گے نہ اس سے نکالے جائیں گے وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے۔

س31: "کیف تکفرون باللہ" میں "تم" ضمیر کا مرجع بتائیں؟
ج: یہاں "تم" ضمیر کا مرجع اہل مکہ ہے۔

س32: پیدائش سے پہلے انسان کن احوال میں ہوتا ہے؟
ج: انسان پیدائش سے پہلے اپنے ملبوں کی پشت میں ہوتا ہے پھر اپنی ماں کے پیٹ میں آتا ہے اور پھر اللہ اس میں روح پھونک کر زندہ کرتا ہے۔

س33: کیا انسان کو مرنے کے بعد اللہ پھر جلائے گا؟
ج: جی ہاں انسانوں کو پھر قیامت کے دن اللہ جلائے گا۔

س34: چھ انعامات خداوندی لکھیں؟

ج: اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے زمین کو جائے قرار بنایا آسمان کو سائبان بنا کر اس سے بارش برسائی پھر اس کے ذریعے پھل و سبزیاں اگائیں۔

س35: **وھو بکل شیءٍ علیم** کی ترکیب لکھیں

ج: "واو" مستانفہ ہے "ھو" مبتدا ہے "با" جار "کل" مضاف "شیء" مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے مل کر جار کے لیے مجرور جار مجرور مل کر ظرف لغو مقدم "علیم" شبہ فعل ھو ضمیر فاعل اور ظرف لغو مقدم سے مل کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہے۔

س36: جنت میں کتنی اور کون کونسی نہریں ہیں؟

ج: جنت میں چار نہریں ہیں شراب کی، دودھ کی، پانی اور شہد کی

س37: اللہ تعالیٰ نے کس سے فرمایا تھا کہ میں زمین میں اپنا خلیفہ بنانے والا ہوں اور خلیفہ کون تھے؟

ج: اللہ پاک نے فرشتوں سے فرمایا تھا کہ میں زمین میں اپنا خلیفہ بنانے والا ہوں جو زمین میں میرے احکام کا نفاذ کرے اور ان خلیفہ کا نام آدم علیہ السلام ہے

س38: اس فرمان الہی کا فرشتوں نے کیا جواب دیا تھا؟

ج: بولے کیا ایسا نائب کریگا جو اسمیں فساد پھیلائے گا نافرمانی کرے اور خون ریزیاں کرے گا قتل کے ذریعے جیسا کہ جنوں نے کیا تھا۔

س 39: جنوں نے زمین پر کیا کیا تھا پھر انہیں کیا سزا ملی؟

ج: جنوں نے زمین میں فساد پھیلایا تھا تو اللہ پاک نے ان کی طرف فرشتوں کو بھیجا جنہوں نے انہیں جزیروں اور پہاڑوں کی طرف دھکیل دیا۔

س 40: نحن نسبح بحمدک، نقدس لک کی وضاحت کریں؟

ج: نحن نسبح بحمدک سے مراد ہم سبحان اللہ وبحمدہ پڑھتے ہیں نقدس لک سے مراد ہم تیری پاکی بیان کرتے ہیں یعنی تجھے ان چیزوں سے بےعیب جانتے ہیں جو تیری شان کے لائق نہیں۔

س 41: فرشتوں کی ان تمام باتوں کا مقصد کیا تھا تو انہیں کیا جواب ملا؟

ج: فرشتوں کی باتوں کا مقصد تھا کہ ہم خلیفہ ہونے کے زیادہ مستحق ہیں اور انہیں جواب الٰہی ملا کہ آدم کے خلیفہ ہونے کی مصلحت کو میں تو جانتا ہوں مگر تم نہیں جانتے۔

س 42: تو پھر فرشتے آپس میں ایک دوسرے کو کیا کہنے لگے اور ان کی ان باتوں کی وجہ کیا تھی؟

ج: فرشتے کہنے لگے کہ ہمارا رب ہم سے زیادہ کسی کو عزت اور علم والا پیدا نہیں فرمائے گا اس بات کی وجہ یہ تھی کہ وہ کہتے تھے کہ ہم ان سے پہلے کے ہیں اور ہم نے ایسے عجائبات دیکھ رکھے ہیں جو کسی نے نہیں دیکھے۔

س 43: اللہ نے حضرت آدم کو کس طرح پیدا فرمایا؟

ج: اللہ پاک نے حضرت آدم کو زمین سے مختلف رنگوں کی مٹی لے کر مختلف رنگوں کے پانی میں گوندھ کر بنایا پھر اس مٹی کا پتلا بنا لیا جو کہ حضرت آدم علیہ السلام کا تھا۔

س44: اللہ نے حضرت آدمؑ کو کن اشیاء کے نام سکھائے؟

ج: اللہ نے حضرت آدمؑ کو تمام اشیاء کے نام حتی کہ پیالے اور پیالی اور ریح اور پھسکی یا پھچے وغیرہ جیسے تمام چیزوں کا علم بھی آپ کے قلب اطہر پر القا فرمایا۔

س45: حضرت آدمؑ کو کن فرشتوں نے سجدہ کیا؟

ج: حضرت آدمؑ کو تمام فرشتوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے

س46: فرشتوں نے یہ سجدہ کس دن کس وقت سے لے کر کس وقت تک سجدہ کیا؟

ج: فرشتوں نے یہ سجدہ جمعہ کے دن وقت زوال سے لے کر عصر تک سجدہ کیا ایک قول کے مطابق سو برس تک جبکہ ایک قول کے مطابق پانچ سو برس تک سجدہ کیا۔

س47: کس نے سجدہ نہ کیا اور کیوں نہ کیا؟

ج: ابلیس نے بوجہ تکبر سجدہ نہ کیا اور کافر ہو گیا

س48: ابلیس اصل میں کون تھا؟

ج: ابلیس گروہ جنوں میں سے تھا اور ان کا سردار تھا اسے کثرت عبادت کے سبب یہ انعام ملا کہ یہ فرشتوں کے ساتھ رہتا تھا۔

س49: حضرت حوا کون تھیں اور انہیں کس طرح پیدا کیا گیا؟

ج: حضرت حوا حضرت آدمؑ کی بیوی تھیں اور انہیں حضرت آدمؑ کی ٹیڑھی بائیں پسلی سے پیدا کیا گیا

س50: اللہ نے جنت میں ان دونوں کو کیا کھانے سے منع فرمایا؟
ج: اللہ نے جنت میں ان دونوں کو گندم یا انگور یا کسی اور درخت
کا پھل کھانے سے منع فرمایا تھا۔

س51: اللہ نے ان کو جنت سے کیوں نکالا؟
ج: شیطان نے انہیں لغزش دی کہ کیا میں تمہاری شجر خلد
کے بارے میں رہنمائی نہ کروں؟ اور ان دونوں سے جھوٹی قسم کھائی
کہ وہ ان دونوں کا خیر خواہ ہے۔ انہوں نے ممنوع شجر سے کھا لیا
تو اللہ نے انہیں جنت سے نکال دیا۔

س52: حضرت آدم نے اللہ سے کس طرح اور کن کلمات سے توبہ کی؟
ج: اللہ سے حضرت آدم نے اس طرح توبہ کی کہ اللہ نے ان کی
طرف کچھ کلمات القا فرمائے تو آپ نے ان کلمات سے توبہ کی
تو آپ کی توبہ قبول کی اور کہا گیا کہ وہ کلمات "ربنا ظلمنا" والی آیت ہے

س53: بنی اسرائیل کون ہیں اور ان پر کون سی نعمتیں نازل ہوئیں؟
ج: بنی اسرائیل حضرت یعقوب کی اولاد ہیں اور ان پر
بہت نعمتیں نازل ہوئیں جیسے فرعون سے نجات، دریا کا پھٹنا، بادل کا سایہ

س54: جو گناہ کو ایجاد کرے اس کی کیا سزا ہے؟
ج: جو گناہ کو ایجاد کرتا ہے تو جو جو اس گناہ پر عمل کرتا ہے
تو اتنا ہی گناہ ایجاد کرنے والے پر ہوتا ہے۔

س55: "اتأمرون الناس بالبر" بالایمان بمحمد آیت کا شان نزول کیا ہے؟
ج: یہ آیت ان یہودی علماء کے بارے میں نازل ہوئی جو
اپنے قریبی رشتہ داروں کو کہتے کہ دین محمدی پر ثابت رہو

کہ یہ سچا دین ہے تو یہ آیت نازل ہوئی کہ کیا تم لوگوں کو محمد ﷺ پر ایمان کا حکم دیتے ہو اور اپنے آپ کو بھول جاتے ہو

س 56: کس چیز سے مصیبت کے وقت مدد طلب کرنی چاہیے؟
ج: مصیبت کے وقت صبر اور نماز سے مدد طلب کرنی چاہیے۔

س 57: یہودیوں کو کس چیز نے ایمان سے روکا تو پھر انہیں کس چیز کا حکم دیا اور کیوں حکم دیا؟
ج: یہودیوں کو حرص اور دنیا کی محبت نے ایمان سے روک رکھا تو انہیں نماز اور روزے کا حکم دیا گیا کیونکہ روزہ سے شہوت ہوتی ہے اور نماز کا حکم اس لیے دیا کہ اس سے تواضع پیدا ہوتی ہے اور برائی دور ہوتی ہے۔

س 58: یہود کا اللہ سے کیا عہد اور اللہ کا یہود سے کیا عہد تھا؟
ج: یہود سے اللہ نے عہد لیا کہ وہ محمد ﷺ پر ایمان لائیں گے اور اللہ اپنا عہد پورا کریگا یعنی انکو جنت میں داخل فرمائے گا۔

س 59: اللہ پاک نے بنی اسرائیل کو کس پر فضیلت دی تھی؟
ج: اللہ پاک نے بنی اسرائیل کو اس وقت کے تمام زمانے پر فضیلت دی تھی۔

س 60: فرعون بنی اسرائیل پر کیا ظلم کرتا تھا؟
ج: فرعون بنی اسرائیل کے بچوں کو قتل کر دیا کرتا تھا۔

س 61: بچوں کو قتل کرنے کی وجہ کیا تھی؟
ج: اس کی وجہ یہ تھی کہ بعض کاہنوں نے کہہ رکھا تھا

کہ بنی اسرائیل میں ایک بچہ ہو گا جو تیری بادشاہی کے زوال کا سبب ہو گا اس لیے فرعون بچے قتل کرواتا تھا۔

**س62:** اللہ پاک نے حضرت موسیٰ سے کتنی راتوں کا وعدہ فرمایا اور اس کے اختتام پر کیا عطا فرمایا اور کیوں عطا فرمایا؟

**ج:** اللہ پاک نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے چالیس راتوں کا وعدہ فرمایا تھا اور اس کے اختتام پر آپ کو تورات عطا فرمائی تاکہ بنی اسرائیل اس پر عمل کریں۔

**س63:** بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے جانے کے بعد کس کو معبود بنا لیا؟

**ج:** بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد بچھڑے کو معبود بنا لیا

**س64:** وہ بچھڑا کس نے بنایا تھا؟

**ج:** وہ بچھڑا موسیٰ سامری نے بنایا تھا

**س65:** بنی اسرائیل کے لیے بچھڑا پوجنے کی کیا سزا دی جس پر ان کی توبہ قبول ہونی تھی؟

**ج:** بنی اسرائیل کے لیے سزا تھی کہ وہ آپس میں ایک دوسرے کو قتل کریں یعنی غیر مجرم مجرم کو قتل کریں تو ان کی توبہ قبول ہو گی۔

**س66:** پھر اللہ نے بنی اسرائیل کو اس کام کی کیسے توفیق دی؟

**ج:** اللہ نے ان پر ایک کالا بادل بھیجا تاکہ وہ ایک دوسرے کو دیکھ کر رحم نہ کریں تو اس طرح ان کو حکم الٰہی کی توفیق ملی اور انہوں نے ستر ہزار آدمیوں کو قتل کیا تو ان کی توبہ قبول ہو گئی۔

س 67: جب بنی اسرائیل میں سے بعض لوگوں نے کلام الہی سنا تو انہوں نے کہا کہ ہم اس وقت تک ایمان نہ لائیں گے جب تک ہم معائنہ کر لیں؟

ج: ہم اس وقت تک ایمان نہ لائیں گے جب تک ہم اللہ کو آنکھوں سے نہ دیکھ لیں۔

س 68: تو پھر انہیں اس ضد کی کیا سزا ملی؟

ج: تو پھر ان کے پاس ایک چنگھاڑ آیا جس سے ان کی جان نکل گئی تو پھر اللہ نے ان پر احسان کرتے ہوئے انہیں زندہ کیا۔

س 69: اللہ پاک نے کس مقام پر بنی اسرائیل پر سایہ کیا اور کیوں سایہ کیا؟

ج: مقام تیہ میں اللہ پاک نے بنی اسرائیل کو سورج کی حرارت سے محفوظ رکھنے کے لیے ان پر سایہ کیا۔

س 70: اس مقام پر اللہ پاک نے انہیں کھانے کے لیے کیا دیا؟

ج: اس مقام میں اللہ پاک نے ان پر من و سلویٰ نازل فرمائے۔

س 71: من و سلویٰ سے کیا مراد ہے؟

ج: من ترنجبین کی طرح شیریں ہوتی ہے
سلویٰ سے مراد ایک آسمانی پرندہ ہے

س 72: من و سلویٰ ان پر نازل ہونا کیوں بند ہوا؟

ج: اللہ پاک نے فرمایا تھا کہ ان کو ذخیرہ نہ کرنا تو جب انہوں نے حکم الہی کو نہ مانا تو ان پر نازل ہونا بند ہو گیا

س 73: اللہ پاک نے انہیں کس بستی میں داخل ہونے کا حکم دیا؟

ج: اس بستی سے مراد یا تو بیت المقدس ہے یا اریحا۔

س74: انہیں اس بستی میں داخل ہونے کا کیا طریقہ بتایا گیا تھا؟
ج: انہیں حکم دیا گیا تھا کہ وہ اس بستی کے دروازے سے سجدہ کرتے ہوئے اور یہ کہتے ہوئے کہ ہم سے ہماری خطائیں معاف فرما داخل ہو جاؤ تو ہم تمہاری خطائیں بخش دیں گے

س75: تو وہ اس بستی میں کس طرح داخل ہوئے تو پھر انہیں کیا سزا ملی؟
ج: تو وہ "حبۃ فی شعرۃ" یعنی بالی میں دانے کہتے ہوئے اور سرینوں کو رگڑتے ہوئے بستی میں داخل ہوئے تو پھر اللہ نے ان پر آسمان سے طاعون کا عذاب بھیجا جس کی وجہ سے وہ ایک ساعت میں ستر ہزار یا اس سے کم ہلاک ہو گئے۔

س76: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے کے فرعون کا نام کیا تھا اور اس نے کتنی زندگی پائی؟
ج: اس زمانے کے فرعون کا نام ولید بن مصعب ہے اس نے ۴۰۰ برس سے زیادہ عمر پائی۔

س77: اللہ پاک نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کس پتھر پر عصا مارنے کا حکم دیا؟
ج: اس پتھر پر عصا مارنے کا حکم دیا جو آپ کے کپڑے لے کر بھاگ گیا تھا مربع سے کچھ کم آدمی کے سر کے برابر وہ پتھر سنگ مرمر یا کسی اور قسم کا نرم پتھر تھا

س78: جب آپ نے اس پتھر پر عصا مارا تو کیا ہوا؟
ج: جب آپ نے اس پتھر پر عصا مارا تو گروہوں کی تعداد کے مطابق اس سے بارہ چشمے نکل پڑے۔

س79: بنی اسرائیل نے آپ سے کن کن اشیاء کو کھانے کے لیے دعا کروائی؟
ج: ساگ، ککڑی، گیہوں، مسور اور پیاز کے لیے دعا کروائی۔

س80: اللہ پاک کا بنی اسرائیل پر غضب فرمانا کن کاموں کا بدلہ تھا؟
ج: اللہ پاک کا بنی اسرائیل پر غضب فرمانا ان کاموں کا بدلہ تھا کہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے، انبیاء کو ناحق شہید کرتے اور یہ بدلہ تھا ان کی نافرمانیوں اور حد سے بڑھنے کا۔

س81: بنی اسرائیل کی تعداد کتنی تھی اور ان کی جائے رہائش کتنی تھی؟
ج: ان کی تعداد چوپایوں کے علاوہ چھ لاکھ تھی اور ان کی جائے رہائش بارہ میل اراضی پر پھیلی ہوئی تھی۔

س82: صابئین سے مراد کون ہیں؟
ج: یہ یہودیوں یا نصرانیوں کے گروہ میں سے وہ لوگ ہیں جو اللہ پر اور پچھلے دن پر اپنی حیات میں ایمان لائے۔

س83: جب بنی اسرائیل نے توریت پر عمل کرنے سے منع کر دیا تو اللہ پاک نے ان کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟
ج: اللہ پاک نے ان پر طور پہاڑ کو اس کی جڑوں سمیت اکھاڑ کر ان پر مسلط کر دیا حتی کہ انہوں نے اسے قبول کر لیا مگر وہ دوبارہ پھر گئے

س84: اصحاب سبت سے کون سی قوم مراد ہے؟
ج: اس سے مراد قوم ایلہ ہے۔

س85: ان کی نافرمانی کیا تھی؟
ج: انہیں ہفتے کے روز شکار سے منع کیا گیا تھا مگر یہ پھر بھی شکار کرتے تھے

س86: انہیں اس نافرمانی کی کیا سزا ملی؟
ج: انہیں بندر بنا دیا گیا اور وہ تین دن میں ہلاک ہو گئے۔

س87: بنی اسرائیل کو قاتل کو معلوم کرنے کے لیے کیا حکم الٰہی ملا تھا؟
ج: انہیں ایک گائے ذبح کرنے کا حکم ملا تھا۔

س88: اس گائے کی کیا عمر ہونی چاہیے تھی؟
ج: گائے بوڑھی ہونی چاہیے تھی نہ بچھیا بلکہ ان دونوں عمروں کے درمیان والی عمر کی ہونی چاہیے تھی

س89: گائے کا رنگ کیسا ہونا چاہیے تھا؟
ج: گائے پیلی ہو جسکی رنگت ڈہڈہاتی یعنی شوخ پیلی ہو دیکھنے والوں کو خوش کرتی ہو۔

س90: اس گائے کی مزید اور کیا صفات ہونی چاہیے تھیں؟
ج: اس گائے نے ہل چلائی ہو نہ زراعت کا کام کیا ہو نہ اس سے کھیت کو پانی لگایا گیا ہو بے عیب ہو عیوب سے اور آثار عمل سے اور اس میں کوئی داغ نہ ہو کسی اور رنگ کا۔

س91: تو انہوں نے اس گائے کو کس کے پاس پایا اور کتنے میں خریدی؟
ج: تو انہوں نے اس گائے کو ایک نوجوان جو اپنی ماں کا فرمانبردار تھا اس کے پاس پایا اور اس گائے کو کھال بھر سونے کے عوض خریدا

س92: "اگر اللہ چاہے تو ہم راہ پا لیں گے" اس کا فائدہ کیا ہے؟
ج: حدیث پاک میں ہے اگر بنی اسرائیل "ان شاء اللہ" نہ کہتے تو وہ قیامت تک اس گائے کو نہ پاتے

س93: بنی اسرائیل نے مقتول کو گائے کا کونسا حصہ مارا جس کی وجہ سے وہ مقتول زندہ ہو گیا؟
ج: گائے کی زبان یا دم کا کوئی ٹکڑا مارا تو وہ مقتول زندہ ہو گیا

س94: مقتول نے زندہ ہو کر کیا بتایا؟
ج: مقتول نے زندہ ہو کر بتایا کہ مجھے فلاں اور فلاں بھتیجوں نے قتل کیا ہے۔

س95: مقتول کے قاتل کتنے تھے؟
ج: مقتول کے قاتل دو تھے۔

س96: قاتلوں کو کیا سزا ملی؟
ج: قاتلوں کو مقتول کی وراثت سے محروم کر دیا گیا اور قتل بھی کر دیا گیا۔

س97: اس قصے سے ہمارا کونسا عقیدہ واضح ہوتا ہے؟
ج: اس قصے سے واضح ہوتا ہے کہ اگر اللہ ایک جان کو موت کے بعد زندہ کرنے پر قادر ہے تو وہ قیامت کے روز سبھی کو زندہ کرنے پر بھی قادر ہے۔

س98: قرآن کے مطابق کن کے دل پتھروں کی مثل ہیں؟
ج: یہودیوں کے دل پتھر کی مثل ہیں یا اس سے زیادہ سخت ہیں۔

س99: قرآن کے مطابق پتھر کس کس طرح کے ہوتے ہیں؟
ج: کچھ پتھر وہ ہیں جن سے نہریاں بہتی ہیں کچھ پھٹ جاتے ہیں اور ان سے پانی نکلتا ہے اور کچھ پتھر گر جاتے ہیں۔

س100: پتھروں کے ساتھ یہ معاملات کیوں ہوتے ہیں؟
ج: پتھروں کے ساتھ یہ معاملات اللہ کے خوف کی وجہ سے ہوتے ہیں۔

س101: یہودیوں کے دل کس چیز میں پتھروں سے مشابہت رکھتے ہیں؟
ج: یہودیوں کے دل سختی میں پتھروں کے مشابہ ہیں۔

س102: یہودیوں میں سے ایک گروہ اللہ کا کلام (توریت) سننے کے بعد کیا کیا کرتے تھے؟
ج: وہ اسے سمجھنے کے بعد بدل دیتے تھے۔

س103: یہودی منافق جب مسلمانوں سے ملتے ہیں تو کیا کہتے ہیں؟
ج: یہودی منافق کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نبی ہیں اور انکی نبوت کی بشارت ہماری کتاب میں ہے۔

س104: جب وہ اپنے ان سرداروں کی طرف لوٹتے ہیں جو منافق نہیں تو یہ سرداران سے کیا کہتے ہیں؟
ج: تو سردار کہتے ہیں کہ کیا تمہیں عقل نہیں تم مسلمانوں پر وہ علم ظاہر کرتے ہو جو تمہیں توریت میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کے بارے میں دیا گیا تھا کہ وہ حجت قائم کریں تم سے جھگڑیں۔

س105: یہودیوں نے توریت میں کیا چیزیں بدل دیں تھیں؟
ج: انہوں نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات، آیت رجم وغیرہ اور دیگر نازل شدہ احکام بدل دیے۔

س106: جب نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں احکام بدلنے پر وعید سنائی تو انہوں نے کیا جواب دیا؟

ج: انہوں نے جواب دیا کہ ہمیں انتہائی کم عذاب ہوگا، چالیس دن اتنی مدت جس میں ہمارے آباؤ اجداد نے بچھڑے کی پوجا کی۔

س107: اللہ پاک نے تورات میں بنی اسرائیل سے کیا عہد لیے؟

ج: 1) اللہ کے سوا کسی کو نہ پوجو 2) والدین کے ساتھ احسان کرو۔
3) احسان کرو رشتہ داروں سے 4) یتیموں سے 5) مسکینوں سے
6) لوگوں سے اچھی بات کہو 7) برائی سے منع کرو۔ 8) لوگوں سے نرمی کرو۔
9) نماز قائم کرو 10) زکوۃ دو

س108: حضرت عیسی علیہ السلام کے تین معجزات لکھیں؟

ج: 1) مردوں کو زندہ کرنا 2) مادرزاد اندھوں کو بینا کرنا
3) برص والوں کو شفا دینا

س109: اللہ پاک نے حضرت عیسی علیہ السلام کی کس کے ساتھ مدد کی؟

ج: اللہ پاک نے حضرت عیسی علیہ السلام کی روح القدس کے ساتھ مدد فرمائی۔

س110: روح القدس سے کون مراد ہیں؟

ج: روح القدس سے مراد حضرت جبرائیل علیہ السلام ہیں۔

س111: روح القدس میں کونسی اضافت ہے؟

ج: روح القدس میں موصوف کی صفت کی طرف اضافت ہے۔

س112: روح القدس کس جگہ حضرت عیسی علیہ السلام کے ساتھ رہتے؟

ج: روح القدس ہر جگہ حضرت عیسی علیہ السلام کے ساتھ رہتے۔

س113: یہودیوں نے جن انبیاء کرام کو شہید کیا ان میں سے دو کے نام لکھیں؟
ج: 1) حضرت زکریا علیہ السلام 2) حضرت یحیی علیہ السلام

س114: قرآن کس کتاب کی تصدیق کرنے والی ہے؟
ج: قرآن تورات کی تصدیق کرنے والا ہے

س115: یہودی نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے کیا دعا کیا کرتے تھے؟
ج: وہ کافروں پر نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے فتح مانگتے تھے
اے اللہ نبی آخرالزمان کے صدقے ہماری ان پر مدد فرما۔

س116: جب نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے تو انہوں نے کیا کیا؟
ج: یہ بعثت نبی کے منکر ہو بیٹھے۔

س117: ان کے منکر ہونے کی وجہ کیا تھی؟
ج: 1) حسد 2) ریاست کا چھن جانا

س118: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معجزات لکھیں؟
ج: 1) عصا 2) ید بیضا 3) دریا کا پھٹنا

س119: یہودیوں کے دلوں میں بچھڑا کس طرح رچ گیا تھا؟
ج: ان کے دلوں میں بچھڑے کی محبت شراب کی محبت
کی طرح دلوں میں رچ گئی تھی۔

س120: یہودی جنت کے بارے میں کیا کہتے تھے؟
ج: یہودی کہتے کہ جنت خاص ہمارے لیے ہے۔

س121: انہیں ان کے اس قول پر کیا جواب ملا؟
ج: اگر جنت خالص تمہارے لیے ہے تو تم موت کی تمنا کرو۔

س122: انہیں کتنی عمر جینے کی تمنا ہے؟
ج: انہیں تمنا ہے کہ وہ ہزار برس جئیں۔

س123: مشرکوں کا کیا عقیدہ ہے؟
ج: مشرکوں کا عقیدہ ہے کہ مرنے کے بعد نہیں اٹھنا۔

س124: "من کان عدوا لجبریل" اس آیت کا شان نزول لکھیں؟
ج: ابن صوریا نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے یا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ وحی کون سا فرشتہ لاتا ہے تو آپ نے جواب دیا حضرت جبرائیل ہیں تو کہا وہ تو ہمارا دشمن ہے عذاب کی خبر لاتا ہے اگر میکائیل وحی لاتے تو ہم ایمان لے آتے کیونکہ وہ خوشحالی اور سلامتی کی خبر لاتے ہیں۔

س125: شیاطین نے جادو کہاں دفن کیا تھا؟
ج: انہوں نے جادو سلیمان علیہ السلام کی شاہی کرسی کے نیچے دفن کیا تھا۔

س126: کاہنوں نے جنات کے بارے میں کیا خبریں مشہور کی ہوئیں تھیں؟
ج: وہ کہتے تھے کہ جنات کے پاس علم غیب ہے۔

س127: جنات نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی حکومت کے بارے میں کیا کہا؟
ج: انہوں نے کہا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام (معاذ اللہ) جادو کے زور پر حکومت کرتے تھے

س128: یہودیوں کا حضرت سلیمان علیہ السلام کے بارے میں کیا عقیدہ تھا؟
ج: وہ کہتے کہ معاذ اللہ حضرت سلیمان علیہ السلام جادوگر تھے نہ کہ نبی

س129: جادو کے متعلق مسئلہ شرعی کیا ہے؟
ج: جادو سیکھنا کفر ہے۔

س130: جادو سکھانے کے لیے کتنے فرشتے مسلط ہوئے؟
ج: دو فرشتے مسلط ہوئے۔

س131: ان فرشتوں کا نام کیا تھا؟
ج: ان کا نام ہاروت اور ماروت تھا۔

س132: انہیں کس شہر میں بھیجا گیا؟
ج: انہیں بابل کی طرف بھیجا گیا۔

س133: بابل کہاں واقع ہے؟
ج: یہ عراق کے اطراف میں واقع ایک شہر ہے۔

س134: ان فرشتوں کے بارے میں کوئی قول لکھیں؟
ج: ایک قول کے مطابق یہ دو فرشتے تھے جنہیں اللہ پاک نے بطور آزمائش جادو کی تعلیم سکھانے کے لیے اتارا۔

س135: ان فرشتوں کے بارے میں ابن عباس کا قول بتائیں؟
ج: ابن عباس فرماتے ہیں یہ جادوگر تھا اور جادو سکھاتے تھے۔

س136: یہ فرشتے جادو سکھانے سے پہلے لوگوں کو کیا نصیحت کیا کرتے تھے؟
ج: وہ کہتے کہ ہم تو نری آزمائش ہیں جو کہ اللہ کی طرف سے آئے ہیں بطور آزمائش و امتحان تاکہ وہ جادو کی تعلیم سے آزمائے کہ کون جادو سیکھ کر کفر کرتا ہے اور کون نہ سیکھ کر مومن رہتا ہے تو تو اسے نہ سیکھ۔

س137: وہ کون سا جادو سیکھتے تھے؟
ج: جس کے ذریعے وہ مرد و عورت میں جدائی کر سکیں۔

س138: کیا جادو بغیر حکم الٰہی کسی کو نقصان پہنچا سکتا ہے؟
ج: جی نہیں جادو بغیر حکم الٰہی کسی کو ضرر نہیں پہنچا سکتا۔

س139: اللہ پاک نے مسلمانوں کو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو کس صیغے سے پکارنے سے منع فرمایا؟
ج: اللہ پاک نے مسلمانوں کو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو "راعنا" پکارنے سے منع فرمایا۔

س140: مسلمانوں کی لغت میں "راعنا" کی تحقیق لکھیں؟
ج: مسلمانوں کی لغت میں "راعنا" امر کا صیغہ تھا اور مراعات سے مشتق تھا۔

س141: یہودیوں کی لغت میں "راعنا" کی تحقیق لکھیں؟
ج: ان کی لغت میں رعونت سے مشتق تھا اور سب و شتم میں مستعمل تھا۔

س142: اللہ پاک نے "راعنا" کی جگہ کونسا لفظ استعمال کرنے کا حکم دیا؟
ج: اللہ پاک نے "راعنا" کی جگہ "انظرنا" استعمال کرنے کا حکم دیا۔

س143: کون چاہتا تھا کہ تم پر تمہارے رب کی طرف سے وحی نہ اترے ان کی اس تمنا کی وجہ لکھیں؟
ج: کتابی یا مشرکین چاہتے تھے اور حسد کی وجہ سے چاہتے تھے۔

س144: آیتوں کو منسوخ کرنے میں کیا حکمت تھی؟
ج: اللہ پاک نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہم اس سے بہتر لے آئیں گے یعنی جو بندوں کیلئے سہولت یا اجر میں زیادہ نفع بخش ہو۔

س 145: حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے کس نے مکہ اور صفا میں تصرف کے بارے میں سوال کیا نیز کس تصرف کا سوال کیا؟
ج: اہل مکہ نے نبی پاک سے سوال کیا کہ مکہ کی توسیع فرمائیں اور کوہ صفا کو سونے کا بنادیں۔

س 146: نبی پاک سے اہل کتاب نے جنت کے بارے میں کیا کہا تھا؟
ج: مناظرے میں نبی پاک سے مدینے کے یہودیوں نے کہا کہ جنت میں ہرگز نہ جائیں گے مگر یہود اور نجران کے نصاریٰ نے کہا کہ جنت میں ہرگز نہ جائیں گے مگر نصاریٰ

س 147: اعضاء میں سے اشرف عضو کونسا ہے؟
ج: چہرہ اعضاء میں اشرف ہے

س 148: نسخ کا لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیں؟
ج: نسخ کا لغوی معنی تبدیل کرنا، دور کرنا، ازالہ کرنا
اصطلاحی معنی وہ دلیل شرعی جو دوسری دلیل شرعی سے تو موخر ہو لیکن اس کا حکم اسے بدل دے

س 149: یہودیوں نے نصرانیوں کے بارے میں کیا کہا اور حضرت عیسیٰ کے متعلق کیا کہا؟
ج: یہودی بولے نصرانی قابل اعتبار کچھ نہیں اور انہوں نے حضرت عیسیٰ کا انکار کیا۔

س 150: نصرانیوں نے یہودیوں کے بارے میں کیا کہا اور حضرت موسیٰ کے متعلق کیا کہا؟
ج: نصرانیوں نے کہا یہودی قابل اعتماد کچھ نہیں اور انہوں نے حضرت موسیٰ کا انکار کیا۔

س151: سب سے بڑا ظالم کون ہے؟
ج: جو اللہ کی مسجد سے روکے تاکہ اس میں نام خدا نہ لیا جائے اور اسے ویران کرنے کی کوشش کرے۔

س152: اس آیت کا شان نزول لکھیں؟
ج: یہ آیت رومیوں کے بارے میں نازل ہوئی جنہوں نے بیت المقدس کو ویران کیا یا ان مشرکین کے بارے میں نازل ہوئی جنہوں نے صلح حدیبیہ کے سال رسول اللہ کو بیت اللہ میں دخول سے روکا

س153: یہود و نصاریٰ کا فرشتوں کے متعلق کیا عقیدہ تھا؟
ج: یہود و نصاریٰ کہتے کہ معاذ اللہ فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں۔

س154: پہلے قول کے مطابق حضرت ابراہیم کو اللہ پاک نے کس چیز سے آزمایا؟
ج: انہیں احکام حج کی باتوں سے آزمایا۔

س155: دوسرے قول کے مطابق حضرت ابراہیم کو اللہ پاک نے کن اور کونسی اشیاء سے آزمایا؟
ج: وہ دس باتیں تھیں 1) کلی کرنا 2) ناک میں پانی چڑھانا 3) مسواک کرنا 4) مونچھیں کاٹنا 5) سر کے بالوں میں مانگ نکالنا 6) ناخن کاٹنا 7) موئے بغل اور 8) زیر ناف صاف کرنا 9) ختنہ کرنا 10) استنجاء کرنا

س156: کعبۃ اللہ کے دو فضائل لکھیں؟
ج: یہ لوگوں کے لیے مرجع ہے اور یہ امن والی جگہ ہے۔

س157: مقام ابراہیم سے مراد کونسا مقام ہے؟
ج: مقام ابراہیم سے مراد وہ پتھر جس پر کھڑے ہو کر آپ نے کعبہ تعمیر کیا

س158: کعبۃ اللہ کو کتنے اور کون سے انبیاء نے تعمیر کیا؟
ج: کعبۃ اللہ کو دو انبیاء حضرت ابراہیم و اسماعیل نے تعمیر کیا۔

س159: حرم میں چار ممنوع افعال لکھیں؟
ج: 1) کسی انسان کا خون بہانا 2) شکار کرنا
3) ظلم کرنا 4) حدود حرم میں سے گھاس اکھاڑنا

س160: اللہ پاک نے حضرت ابراہیم کی دعا سے کونسا خطہ حرم میں شامل فرمایا؟
ج: اللہ پاک نے طائف کا خطہ حرم میں شامل فرمادیا

س161: پہلے حرم کی زمین کیسی تھی؟
ج: پہلے حرم کی زمین بنجر تھی۔

س162: پہلے طائف کس ملک کا خطہ تھا؟
ج: پہلے طائف ملک شام کا خطہ تھا۔

س163: حضرت ابراہیم و اسماعیل کی تعمیر کعبہ کے وقت کی دعائیں لکھیں؟
ج: 1) ہماری خدمت قبول فرما 2) ہمیں اپنا فرمانبردار بنا
3) ہماری اولاد میں ایک گروہ کو فرمانبردار بنا 4) ہمیں مناسک حج سکھا
5) ہم پر اپنی رحمت کے ساتھ رجوع فرما۔

س164: حضرت ابراہیم نے کن صفات والے نبی کی دعا مانگی؟
ج: اے ہمارے رب ان میں ایک رسول انہی میں سے بھیج جو
ان پر تیری آیتیں تلاوت فرمائے انہیں تیری کتاب اور پختہ علم
سکھائے اور انہیں خوب ستھرا فرمائے۔

س165: ملت ابراہیمی سے کون پھرتا ہے؟
ج: صرف احمق دل ہی ملت ابراہیمی سے پھرتا ہے۔

س166: یہودیوں نے وصیت یعقوب کے متعلق نبی پاک سے کیا کہا؟
ج: یہودیوں نے کہا کہ حضرت یعقوب نے (معاذ اللہ) اپنے بیٹوں کو یہودی ہونے کی وصیت کی تھی۔

س167: اللہ پاک نے اپنے حبیب کی کفار کے مقابلے میں کس طرح کفالت کی؟
ج: بنو قریظہ کے قتل بنو نضیر کی جلاوطنی اور ان پر جزیہ مقرر کر کے

س168: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے معاملے میں سب سے بڑا ظالم کون ہے؟
ج: جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حنیف ہونے کی گواہی کو چھپائے۔

قد تمت الم بالخیر

جامعۃ المدینہ

فیضان قنبیط

بڑیلہ (شریف)